13946 ـ کیا ماں کے قبول اسلام سےاس کے دونوں بچوں کو بھی کلمہ پڑھنا ہوگا

سوال

میں عیسائیت چھوڑ کردخول اسلام کےمرحلہ میں ہوں اور نو9 برس سے خاوند کے بغیر زندگی گزارر ہی ہوں میرا ایک چودہ سالہ بیٹا اورگیارہ سالہ بیٹی بھی ہے ، مجھے یہ توعلم ہے کہ مجھے اسلام قبول کرنے کے لیے کلمہ پڑھنا ہوگا لیکن کیامیرے بیٹے اوربیٹی کوبھی کلمہ پڑھنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

دخول اسلام کے لیے اللہ تعالی کی وحدانیت اوررسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینا شرط ہے ۔

مسلمان والدین کے ہاں جوبچا پیدا ہوتا ہے اسے کلمہ پڑھنے کی ضرورت نہیں اس لیے کہ وہ والدین کے تابع حکما مسلمان ہے ، الا یہ کہ وہ کوئ نواقض اسلام والا کام کرے ۔

اوروہ بچہ جوغیرمسلم والدین کے ہاں پیدا ہوا ہو اسے اسلام قبول کرنے کے لیے کلمہ پڑھنا ضروری ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .